## ادارے کی جانب سے تمام برادری کو "**عید مبارک**"

۱۔ادارے کے سابق صدر جناب سید احمد (مرحوم) کی زوجہ محترمہ سلیمہ برضائے الٰہی اس جہان فانی سے بروز پیر مؤرخہ 24-11-2008 کو کوچ کر گئیں۔اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے۔ادارہ جناب سید نعیم احمد صاحب سے تعزیت کا اظہار کرتا ہے۔

۲۔ جناب سید بدر عالم زیدی ولد سید آفتاب عالم زیدی کے گھر کو اللہ تعالیٰ نے بیٹی جیسی نعمت سے نوازا۔ بیٹی کا نام ذونیرہ زیدی رکھا گیا ہے۔ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول ہو۔

۳۔ جناب اختر سعید صاحب کے صاحبزادے جناب اظفر سعید کی شادی خانہ آبادی کراچی میں منعقد ہوئی۔ادارے کی طرف سے اس نئے جوڑے کو نیک تمنائیں قبول ہوں۔

۴۔ جناب عبدالحیٔ صاحب کے صاحبزادے جناب حارث بھی رشتہ ازدواج سے منسلک ہوئے۔ ادارے کی جانب سے ڈھیروں دعائیں اور نیک خواہشات قبول ہوں۔

۵۔ جناب رضی الدین صاب کی بڑی صاحبزادی مریم کی شادی خانہ آبادی بروز جمعہ مورخہ 28-11-08 کو انجام پائی۔ادارے کے تمام اراکین کی جانب سے بہت بہت مبارکباد قبول ہوں۔

۶۔ جناب سید آفتاب عالم زیدی اور نسرین آفتاب کی سب سے چھوٹی صاحبزادی ثمرین آفتاب کی شادی جناب طاہر خالد کیساتھ ہونا قرار پائی۔ادارے کی طرف سے دلی مبارکباد قبول ہو۔

۷۔ جناب نجیب اور روحیہ نجیب کی سب سے بڑی صاحبزادی آمنہ اریبہ نے میٹرک کے امتحام میں اے ون A-1 گریڈ حاصل کیا۔ادارہ انکی مزید ترقی کے لئے دعا گو ہے۔

۸۔ جناب سلمان غنی صاحب کی صاحبزادی علینہ سلمان نے فرسٹ ایئر کے امتحان میں اے گریڈ A Grade حاصل کیا۔ادارے کی طرف سے نیک خواہشات قبول ہوں۔

۹۔ جناب مشرف زیدی اور اُنکی اہلیہ جویریہ زیدی حج کی سعادت کے لئے مکہ مکرمہ روانہ ہوگئے ہیں۔
اللہ تعالیٰ ان دونوں کی حج قبول فرمائے اور ہمیں بھی حج جیسی سعادت نصیب فرمائے۔ (آمین)۔

۱۰۔ محترم جناب سید محسن کمال کی صاحبزادی حرا محسن کی شادی سید خورشید احمد کے صاحبزادے سجاد خورشید کے ساتھ مورخہ 22 دسمبر 2008 کو ہونا قرار پائی ہے۔

۱۱۔ ادارے کے سابق صدر سید محمد احمد واسطی (مرحوم) کے برادر نسبتی سید ضمیر جعفری برضائے الٰہی سے اس جہان فانی سے کوچ کر گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انکی مغفرت فرمائے (آمین)۔

۱۲۔ ادارے کے رکن جناب سید مصطفیٰ کمال نے انگلش لینگویج / کمپیوٹر انسٹی ٹیوٹ (PRISM) قائم کیا ہے۔

۱۳۔ ادارے کے رکن جناب سید نصرت کمال صاحب کے صاحبزادے سید طلحہ کمال نے بی ایس سی (آنرز) LUMS میں داخلہ حاصل کیا ہے۔

۱۴۔ ادارے کے رکن جناب سید رضوان واسطی کے صاحبزادے سید ولید واسطی نے بی بی اے (IBA) میں داخلہ حاصل کیا ہے۔

۱۵۔ ادارے کے اراکین سید علی سلمان، سید حمزہ ہاشمی، اور سید بلال مصطفیٰ نے بی ایس سی / بی بی اے (CBM) میں داخلہ حاصل کیا ہے۔

۱۶۔ حافظ سید اعبد العلی کی دختر محترمہ نجمہ جمشید کا برضائے الٰہی بہاولپور میں انتقال ہوگیا ہے۔

۱۷۔ سید شاکر علی ولد سید صدیق علی کی والدہ صاحبہ محترمہ رئیسہ خاتون کا برضائے الٰہی گاؤٹھی میں انتقال ہوگیا ہے۔

۱۸۔ سید سہیل احمد برنی ولد __________ کا برضائے الٰہی ابوظہبی میں انتقال ہوگیا ہے۔
اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور متعلقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

۱۹۔سید محمد شکیل کے صاحبزادے جناب سید منصور شکیل نے Al-Rayan Investment بطور Sharia Advisor قطر میں جوائن کیا ہے۔ادارہ ان کی ترقی کے لئے دعا گو ہے۔

## بیرونِ ملک سے آمد

۲۰۔اہلیہ جناب سید شمیم الدین احمد کی کینیڈا سے کراچی آمد، ادارے کے رکن سید فرحان احمد واسطی کی دبئی سے آمد ادارہ آپکو خوش آمدید کہتا ہے۔

۲۱۔سید کامران احمد ہاشمی، سید عماد حسن واسطی، سید مسرور حسن واسطی، سید نسیم الدین ہاشمی، سید نعیم ریاض، سید محسن کمال، سید سجاد احمد

۲۲۔سید آفتاب عالم کی دختر کی شادی کراچی میں ہو رہی ہے ادارہ اس خوشی کے موقع پر آپ کو خوش آمدید کہتا ہے۔

۲۳۔ادارے کے رکن جناب سید مصطفیٰ کمال کی صاحبزادی حفصہ کی پہلی تصنیف بعنوان "Illumination" شائع ہوگئی ہے۔ادارہ والدین کو مبارکباد پیش کرتا ہے اور حفصہ کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہے۔

۲۴۔ادارے کا آفس ادارے کے معتمد سید وسیم ہاشمی کے آفس الآمنہ پلازہ سے تبدیل ہو کر شہناز آرکیڈ شہید ملت روڈ پر شفٹ ہو گیا ہے۔ادارے کا فون نمبر یہ ہے: __________

۲۵۔ادارے کے وہ ممبران جو فریضہ حج کے لئے تشریف لے گئے ہیں ادارہ آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

۲۶۔ادارے کے سابق صدر جناب سید محمد احمد واسطی صاحب کے داماد محترم راحت شہباز نے آئی ایس آئی میں تعیناتی عمل میں آئی ہے۔

۲۷۔ جناب سید وسیم ہاشمی کی دختر عروج ہاشمی نے (بی بی اے) میں بحریہ یونیورسٹی میں داخلہ حاصل کیا ہے۔

۲۸۔ ادارے کے صدر جناب سید صفدر علی صاحب کی حج بیت اللہ پر روانگی پر ادارہ آپکو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

۲۹۔ ادارے کے رکن جناب خواجہ قطب الدین صاحب کی دختر محترمہ قمر جہاں شدید علیل ہیں۔ ادارہ اور تمام برادری ان کی صحت کے لئے دعا گو ہے۔

۳۰۔ سید سیف الدین احمد (عرفان) کوٹھی والے گاؤ کوٹھی میں علیل ہیں ادارہ اور ممبران ان کی صحت اور درازی عمر کے لئے دعا گو ہیں۔

۳۱۔ ادارے کے سابق صدر جناب سید سیف الدین صاحب کے صاحبزادے جناب ____________ نے بحیثیت ڈائریکٹر سندھ سوشل سیکیورٹی جوائن کرلیا ہے۔ ادارہ سید سیف الدین احمد اور ریحانہ سیف کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

۳۲۔ ادارے کی جوائنٹ سیکریٹری محترمہ ثمینہ جعفری کے صاحبزادے فہد جعفری کا نکاح صنونہ کراچی میں ہوا۔ ادارہ سید شاہد جعفری اور ثمینہ جعفری کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

۳۳۔ سید مطلوب علی زیدی کی کینیڈا روانگی۔